## سوال

(248) پیپسی اور کوکا کولا کا ستعمال

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

پیپسی کولا کوکا کولا میں کے بارے میں کیا تحقیق ہے؟ عبدالسلام کیلانی صاحب کی کتاب ''منشیات اوراسلام'' میں ان کو حرام قرار دیا گیا ہے۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

پیپسی کولا اور کوکا کولا کی فیکٹریوں میں جو حضرات زمہ دار ہیں یا وہاں کام کرتے ہیں۔ براہ راست ان سے صحیح صحیح معلومات اخذ کرنی چاہیں۔ اگر فی الوقت یہ بات ثابت ہوجائے کہ ان میں نشہ آور اشیاء کی آمیزش ہے۔ تو اس صورت میں ان بوتلوں سے احتراز لازمی ہے۔ ورنہ بلاوجہ شکوک وشبہات میں پڑنے کی ضرورت نہیں۔ موصوف کیلانی صاحب کی معلومات کی حدود کا بھی جائزہ لینا چاہیے کہ ان کو کس حد تک بلاواسطہ معلومات تک رسائی ہے۔ آپ آج کل ایک افریقی ملک کینیا کے شہر ''ممباسا'' میں تبلیغی ودعوتی مشن پر مامور ہیں۔

زادہ اللہ علما وعملا

اُمید ہے اس بارے میں اگر کسی قاری الاعتصام کو محققہ ومصدقہ معلومات حاصل ہوں تو وہ ہمیں آگاہ کرنے سے بخل سے کام نہیں لے گا۔ ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے:

«الدين النصيحة» ( صحيح البخاري كتاب الايمان باب قول النبى صلى الله عليه وسلم الدين النصيحة.......... تعليقاً صحيح مسلم الايمان باب بيان الدين النصيحة (١٩٦-١٩٧) عن تميم الداري رضى الله عنه يعنى ''دین خیر خواہی کا نام ہے۔''

هذا ما عندي والله اعلم بالصواب

**فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ**

**ج1ص559**